نیسلے پاکستان کی طرف سے این ڈی ایم اے کو 75 ٹن پینے کے صاف پانی کا عطیہ

کراچی:

نیسلے پاکستان نے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کو 75 ٹن پینے کا صاف پانی عطیہ کیا ہے۔ یہ اقدام مون سون کی حالیہ بارشوں کے بعد کراچی میں این ڈی ایم اے کی ریلیف سرگرمیوں میں سہولت فراہم کرنے کیلئے اٹھایا گیا۔

نیسلے پاکستان بارشوں سے متاثرہ افراد کیلئے 1.5 لیٹر نیسلے پیور لائف کی 50 ہزار بوتلیں عطیہ کر کے این ڈی ایم اے کو معاونت فراہم کرے گا۔ اس امداد سے شہر کے مختلف حصوں میں این ڈی ایم اے کی طرف سے کئے جانے والے ریلیف کے کاموں میں مدد ملے گی۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وقار احمد، ہیڈ آف کارپوریٹ افیئرز، نیسلے پاکستان نے کہا ''کراچی میں شہری علاقوں میں سیلاب سے متاثرہ افراد کیلئے پینے کے صاف پانی تک رسائی ایک مسئلہ بن چکا ہے۔ یہی وقت ہے کہ ہم سب کو مل کر ایسے انداز میں مدد کرنی چاہیے کہ شہر ایک بار پھر سے اپنے پیروں پر کھڑا ہو جائے۔''

موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں نیسلے پاکستان کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا ''موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، موسموں کے تغیر، شدید موسم اور دستیاب وسائل کی کمی کی صورت میں پہلے ہی نمودار ہو چکے ہیں۔ پانی کے وسائل کا تحفظ اور بچاؤ ہم سب کیلئے ایک اہم ترجیح ہونی چاہیے۔''

لیفٹیننٹ جنرل، محمد افضل، چیئرمین این ڈی ایم اے نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ''میں نیسلے کا اس عطیہ پر شکر گزار ہوں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ کراچی اس وقت مشکل کا شکار ہے اور ایسی صورتحال میں کسی بھی قسم کی امداد مشکل میں پھنسے لوگوں کیلئے ممد و معاون ثابت ہوگی۔''

نیسلے پاکستان ان لوگوں اور طبقات کا بہت زیادہ خیال رکھتی ہے جہاں وہ آپریٹ کرتی ہے۔ اور یہ یقین ہے کہ مشکل حالات میں کمپنی نے ایک اہم کردار ادا کرنا ہے۔

نیسلے پاکستان کے بارے میں:

نیسلے خوراک اور مشروبات تیار کرنے والی دنیا کی بڑی کمپنی ہے۔ دنیا کے 191 ممالک میں فعال ہے۔ نیسلے کے 3 لاکھ 28 ہزار ملازمین معیار زندگی کو بڑھانے اور صحت مند مستقبل کے لئے کردار ادا کرنے کے نیسلے کے مقصد کیلئے پر عزم ہے۔ نیسلے والدین اور بچوں کیلئے انواع اقسام کی مصنوعات اور خدمات فراہم کرتی ہے۔